25دسمبر2018ء

قائداعظم کوخراج عقیدت پیش کرنے کے لیے اسٹیٹ بینک کی جانب سے تصویری نمائش کااہتمام

بینک دولت پاکستان، کراچی میں 25دسمبر2018ءکویومِ قائداعظم منایا گیااور اس موقع پر معروف مصور سعید اختر کی بنائی ہوئی قائد اعظم کی تصاویر کے لیے خصوصی نمائش کااہتمام کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی وزیر اعظم کے مشیر برائے ادارہ جاتی اصلاحات اور کفایت شعاری ڈاکٹر عشرت حسین تھے۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسٹیٹ بینک کے گورنر جناب طارق باجوہ نے کہا کہ یہ بڑے فخر واطمینان کی بات ہے کہ اسٹیٹ بینک نے ماہر مصور پروفیسر سعید اختر کی تصاویر کی نمائش کاانعقاد کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ نمائش بابائے قوم قائد اعظم کو خراجِ عقیدت پیش کرنے اور تخلیقی ذہانت کے حامل اور ماہر مصور کی خدمات تسلیم کرنے کی ایک پُرخلوص کاوش تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجھے یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ اسٹیٹ بینک کے عجائب گھر میں زندگی کی رمک اور جدت موجود ہے جو عوام کے فائدے کے لیے ایک علمی ادارہ ہے اور تاریخ کاامین ہے۔ مزید برآں، گورنر نے شرکا کو مطلع کیا کہ اسٹیٹ بینک نے اگلے مرحلے میں میوزیمز اور دیگر اداروں سے حاصل کردہ فن کے نمونوں کی نمائش کے انعقاد کا اہتمام کرے گا۔ انہوں نے اس نمائش کے انعقاد کے لیے مختلف سرکاری اداروں کی جانب سے تصاویر عاریتاًدینے پر ان کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم کے مشیر ڈاکٹر عشرت حسین نے یوم قائداعظم کو قائداعظم کی تصویری نمائش کے ذریعے منانے کے طریقے کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ یہ قائداعظم کے اصولوں اتحاد، تنظیم، یقین محکم کااعادہ کرنے کا موقع ہے کہ ان پر من وعن عمل کیا جائے۔

پروفیسر سعید اختر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 80 سالہ شخص ہونے کے ناتے مجھے اس بات پر فخر ہے کہ میری زندگی کے 60 سال پر محیط کام کو نمائش کے لیے پیش کیا گیا، جو اسی شہر کراچی سے شروع ہوا تھا۔ پروفیسر سعید اختر نے کہا کہ قائداعظم کی جو تصاویر یہاں موجود ہیں وہ ملک بھر کے معروف اداروں سے عاریتاًحاصل کی گئی ہیں۔

اس بات کا تذکرہ اہم ہے کہ اوائل عمری میں ہی پروفیسر سعید اختر میں فنِ مصوری کا شوق پیدا ہو گیا تھا۔ انہوں نے 1960ء میں نیشنل کالج آف آرٹس میں داخلہ لیااور شاکر علی کے بہترین شاگرد بن گئے، آگے چل کر اپنی زندگی میں انہوں نے پاکستان میں فن اور فنی تعلیم کے فروغ کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں۔ خطوط اندازی، مجسمہ سازی اور مصوری کے فن میں زندگی بھر ان کی محنت، لگن اور ثابت قدمی نے پاکستانی فنکاروں کی کئی نسلوں کو متاثر کیا۔

کمرشل بینکوں کے سربراہان، سفارت کاروں اور شہر میں فن کے دلدادہ افراد نے تقریب میں شرکت کی۔ یہ نمائش عوام کے لیے آئندہ دوہفتوں تک جاری رہے گی۔

☆☆☆☆☆